اینڈرائڈ موبائل استعمال کرنے والوں کے لئے ایک مفید احتیاط

کہ آج کل کراچی سمیت ملک بھر میں اکثر پولیس والے راستے میں پکڑ کہ موبائل نکلوا کر ڈاریکٹ گیلری میں جاتے ہیں

اور اگر کچھ ہاتھ آجائے تو مسئلہ بنادیتے ہیں یا رشوت دینے پہ زور کرتے ہیں۔

اس کے علاوہ ایسے بھی واقعات آرہے ہیں کہ فیس بک اپلی کیشن، فیس بک مسینجر اور واٹس ایپ وغیرہ کو بھی کھول کہ دیکھتے ہیں۔


اس مسئلے کے حل کے لئے ہم آپ کی خدمت میں کچھ احتیاطی تدابیر پیش کریں گے، جس سے آپ ان مسائل سے بچ سکیں گے ان شاءاللہ۔
اس طریقے کے ذریعے آپ فیس بک،واٹس ایپ،ٹیلی گرام،بی بی ایم وغیرہ میں مختلف اکاونٹ ایک ہی موبائل میں استعمال کرسکیں گے۔ ہر یوزر پروفائل میں الگ اکاونٹ ہوگا۔
تو آپ کوشش کریں کہ تمام مشکوک چیزیں ایک پروفائل میں رکھیں اور تمام نارمل چیزیں دوسرے پروفائل میں رکھیں۔
اس طرح آپ کا انٹرنیٹ استعمال کرنا بھی زیادہ محفوظ رہیگا۔

اینڈرائیڈ کے لالی پاپ اور مارش میلوورژن استعمال کرنے والوں کیلئے پولیس سے بچنے کیلئے مختلف یوزرز بنانے کا طریقہ:


اینڈرائیڈ لالی پاپ اور مارش میلو یعنی، اینڈرائیڈ 5.0 سے 6.0، صارفین اپنے ایک ہی موبائل میں کئی مختلف یوزر پروفائل بناسکتے ہیں جس میں یہ ہوگا کہ ہر ایک یوزر کا ڈیٹا اور سافٹویر دوسرے یوزر میں استعمال نہیں کرسکیں گے، یعنی اب ایک ہی موبائل میں آپ دو یا تین موبائل کا کام کرسکتے ہے۔

اس کا طریقہ یہ ہے کہ آپ نوٹی فیکیشن بار کو نیچے لائیں، اُس میں سیٹنگز والے آپشن کے بالکل ساتھ ہی یوزر پروفائل کا نشان ہوگا اس پہ کلک کریں جیسا نیچے تصویر میں دکھایا ہے۔

1




2




پھر ایڈ یوزر پہ کلک کریں۔

1



2



پھر جیسا اوپر تصویر میں دکھایا ہے ایسا ایک ٹیب آئیگا اس میں ok پہ کلک کرنا ہے اور پھر set up now پہ کلک کریں۔۔

اب آپ کا دوسرا یوزر پروفائل بن گیا۔ اب کسی بھی وقت ایک سے دوسرے پہ سوئچ / تبدیل کر سکتے ہیں۔

نوٹ: اوپر بتایا گیا طریقہ ان موبائل میں ڈائریکٹ کام کرے گا، جن موبائلز میں انڈرائڈ کا 5 (لولی پاپ) اور اس سے اوپر کے ورژن انسٹال ہو۔

اس لئے جن بھائیوں کے موبائل کا انڈرائڈ ورژن 5 سے کم ہو، تو انہیں چاہئے کہ وہ اپنے موبائل کا ورژن اپڈیٹ کر لیں

اور اس کا بہترین طریقہ تو یہی ہے کہ کسی اچھے سے موبائل دکاندار سے اپنے موبائل کا ورژن اپڈیٹ کروالیں

بس اسے کہیں کہ اس کا اینڈرائیڈ ورشن اینڈرائیڈ لالی پاپ یا مارش میلو یعنی، اینڈرائیڈ 5.0 یا 6.0 کر کہ دے، وہ کر دینگے،

اور آج کل کراچی میں اس کے ریٹ 250 سے 500 روپے چل رہے ہیں۔

ہم خود سے اپڈیٹ کرنے کا طریقہ پر بھی بات کریں گے، لیکن بہتر یہی ہے کہ خود کرنے کی بجائے، کسی ماہر بندے سے کروائیں

کیونکہ جس کا کام اسی کو ساجھے، کہیں ایسا نہ ہو کہ غلط طریقے کی وجہ سے موبائل میں خرابی واقع ہو جائے۔

اس لئے ماہر دکاندار سے کروانا ہی بہتر ہے۔

اب ہم خود سے موبائل کے ورژن کو اپڈیٹ کرنے کا طریقہ پر بھی بات کریں گے

پُرانے اینڈرائیڈ ورشن والے کیا کریں؟

اگر آپ کا موبائل اینڈرائیڈ 5 سے پرانا ہے اور آپ اس کے اپڈیٹس چیک کرنا چاہتے ہیں یا اپڈیٹ کرنا چاہتے ہیں تو یہاں سے چیک کریں۔

سیمسنگ موبائل:http://www.sammobile.com/firmwares

ایل جی موبائل:http://lg-phone-firmware.com

سونی ایکسپیریا:http://xperiafirmware.com

اِن ویب سائٹس پہ جاکر اپنے موبائل کے ماڈل نمبر چیک کریں کہ ان کا کونسا فرم ویئر (سافٹوئیر/اینڈرائیڈ ورشن) تک آیا ہے، اگر وہ 5 سے اوپر کے ہیں اور آپ کا پرانا چل رہا ہے تو آپ یہاں سے وہ فرم ویئر ڈاونلوڈ کر سکتے ہیں اور انسٹال کر سکتے ہیں، مگر انسٹال کرنے کے طریقے مختلف موبائلوں میں مختلف ہیں، اس لئے ہر موبائل کے اس لئے ہم انسٹال کرنے کا طریقہ یہاں ذکر نہیں کر سکتے۔

لیکن اتنا کہہ سکتے ہیں کہ آسان بہت ہے انسٹال کرنا اور اگر آپ انسٹال کرنا چاہتے ہیں تو سرچ کریں انٹرنیٹ پہ ان الفاظ سے کہ "galaxy s4 firmware install" ان شاءاللہ اس سے آپ کو طریقہ آجائیگا، اگر آپ کمپیوٹر کا استعمال صحیح طریقے سے جانتے ہیں۔

سیمسنگ موبائل کیلئے ایک نمونہ کے طور پر مختصر بتائینگے۔

۱۔ اپنے کمپیوٹر سے اوپر دئے گئے ویب سائٹ سے فرم ویئر ڈاونلوڈ کریں۔ اور اسے ایکسٹریکٹ کریں۔

۲۔ پھر odin نامی سافٹوئیر ڈاونلوڈ کریں۔

۳۔ سیمسنگ موبائل کے ڈرائیور انسٹال کریں۔

۴۔ اپنے موبائل کے سیٹنگز میں ڈیولوپر آپشن میں یو ایس بی ڈی بگنگ موڈ کو سیلیکٹ کریں۔ اس کا تفصیلی طریقہ روٹ کرنے سے متعلق سبق میں گذر چکا ہے اس کیلئے ویب سائٹ ملاحظہ فرمائیں

۵۔ موبائل کو بند کریں، ۱۰ سیکنڈ بعد ڈاونلوڈ موڈ میں چلائیں، اس کا طریقہ ہر موبائل میں دوسرا ہے، اس کیلئے آپ انٹرنیٹ پہ سرچ کریں، اکثر یہ ہوتا ہے، موبائل بند ہونے کے بعد اسے کھولنے کیلئے Volume down, home, power بٹن کو ایک ساتھ دباتے رہیں یہاں تک کہ ڈاونلوڈ موڈ آجائے۔ پھر volume up بٹن سے ڈاونلوڈ موڈ میں انٹر ہوں۔

۶۔ پھر اسے یو ایس بی وائیر سے کمپیوٹر پہ کنیکٹ کریں۔

۷۔ اب odin کھولیں، اس میں PDA والے خانے میں کلک کریں اور پھر اسے براوز کریں اس فرم ویئر فائل کو سیلکٹ کریں۔ جب مکمل لوڈ ہو جائے تو اب start پہ کلک کریں۔

۵ منٹ میں آپ کا فرم ویئر انسٹال ہو جائے گا۔ Odin کے ورشن مختلف ہونے کی وجہ سے دوسرے میں PDA کی جگہ صرف AP ہو یا ایسا کچھ اور ہو تو آپ پرانا ورشن یعنی 3.07 استعمال کریں تا کہ مسئلہ نہ ہو۔

تنبیہ: ایل جی صارفین کیلئے یہ معلومات ہم ضرور دینا چاہینگے کہ آج کل پاکستان میں باہر سے سیکنڈ ہینڈ سیٹ آرہے ہیں جن میں اندر سے سافٹوئیر/فرم ویئر دوسے ماڈل نمبر کا ہوتا ہے اور یہ موبائل دوسرا ہوتا ہے جب کہ موبائل کا کور بھی وہ اندر سافٹوئیر کا ہی ہوتا ہے۔ اس کی ایک مثال دیتا ہوں امید ہے سمجھ آجائیگی۔ ایل جی G 2 موبائل کا ماڈل نمبر D802 یورپ والا ہے، اب اس موبائل کے اندر سافٹوئیر سے چیک کرینگے، آپ دیکھینگے کہ یہی ماڈل نمبر ہے اور باہر کور پہ بھی یہی ماڈل نمبر لکھا ہو گا مگر حقیقت میں وہ ہو تا D800 یا Ls 980 ہوتا ہے جو کہ AT&T اور sprint ورشن ہیں، اب جب آپ اس میں D802 کا فرم ویئر ڈالینگے تو ممکن ہے کہ موبائل بالکل ڈیڈ ہو جائے یا کوئی نہ کوئی خرابی لازمی آئیگی۔ اس لئے ایل جی G2 اور G3 والے اس معاملے میں تحقیق کرلیں کہ ان کے ماڈل نمبر اصل میں کونسے ہیں، اگر آپ نے سیکنڈ ہینڈ لئے تھے۔ اور اس کو معلوم کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ آپ اس کے بیک کور کو کھولیں اندر

اصل ماڈل نمبر لکھا آئیگا۔ یہ جگاڑ یہ دکاندار اس لئے کرتے ہیں کہ ان کو دو ہزار روپے کا فائدہ ملتا ہے کہ یہ ماڈل نمبر تھوڑا مہنگا ہوتا ہے جبکہ یہ دو ہزار کے چکر میں صارفین کا ۱۵ ہزار کا نقصان کرواتے ہیں۔

بعض موبائلز ایسے ہیں، جن میں انڈرائڈ ورژن 5 عام طریقے سے اپڈیٹ نہیں ہوتا

اگر موبائل لالی پاپ یعنی اینڈرائیڈ ورشن 5 میں اپڈیٹ نہ ہوتا ہو پھر کیا کریں؟

آپ کسی بھی موبائل میں کسٹم روم ڈال سکتے ہیں۔ کسٹم روم کمپنی کی بجائے عام لوگوں کے بنائے ہوئے فرم ویئر ہوتے ہیں یعنی آفیشل نہیں ہوتے، یعنی گوگل کی طرف سے بنائے ہوئے نہیں ہوتے۔ بلکہ عام ڈیولوپر ان کو بناتے ہیں۔ اس میں آپ ہر موبائل کو مارش میلو (یعنی اینڈرائیڈ 6) یا اگر مارش میلو نہیں تو کم از کم لالی پاپ والی کسٹم روم ضرور ڈال سکتے ہیں۔ لیکن بعض ایسے کمپنی یا لوگوں کے بنائے ہوتے ہیں جو صحیح کام نہیں کرتے اور بہت مسئلہ کرتے ہیں۔ تو آپ صحیح کسٹم روم تلاش کر کہ ڈالیں۔
کسٹم روم ڈالنے کا طریقہ آسان تو ہے لیکن تھوڑا سمجھنے والا ہے۔ اس لئے اس کا طریقہ ہم نہیں بتائینگے کیونکہ اس سے موبائل خراب ہونے کے چانس ہوتے ہیں۔ جو لوگ کمپیوٹر میں مہارت رکھتے ہیں اور انگلش جانتے ہیں وہ نیٹ پہ سرچ کریں، "install custom rom in galaxy s4" اور اس میں آرٹیکلز یا یوٹیوب پہ طریقہ دیکھ لیں۔ اور لوگوں کے کمنٹس ضرور دیکھیں کہ اس روم میں کوئی مسئلہ پیش آرہا ہے یا نہیں۔

باقی حضرات دکانداروں سے کروالیں لیکن یہ کام کوئی ماہر دکاندار ہی کرتے ہیں۔ خود انسٹال کرنے پہ ہم کسی کی گارنٹی نہیں لیتے موبائل خراب ہو جائے یا کچھ ہو جائے اور نہ اس کو ہم خود کرنے کا مشورہ دیتے ہیں۔ کیوں کہ بعض دفعہ خراب کسٹم روم انسٹال کرنے سے سافٹویئر کے ساتھ ساتھ ہارڈویئر کا بھی مسئلہ ہوتا ہے کہ اس کا ریم یا پروسسر پر بھی اثر پڑتا ہے۔

ایک ناکام متبادل:

یوزر پروفائل بنانے کیلئے ایک ایپ ہے جو روٹ والے موبائل میں چلتا ہے۔ مگر چلتا بہت کم ہی ہے، اکثر موبائل میں صحیح کام نہیں کرتا یا کام کرتا ہے پھر درمیان میں مسئلے شروع ہوتے ہیں، اس طرح بعض دفعہ ڈیٹا ضائع ہونے کا بھی خطرہ ہے۔

اس ایپ کا نام SwitchMe Multiple Accounts ہے، پلے اسٹور میں اس کا یہ لنک ہے:

https://play.google.com/store/apps/details?id=fahrbot.apps.switchme&hl=en

اس کو آزمالیں شاید آپ لے موبائل میں صحیح کام کرے مگر موبائل میں کسی خرابی کی صورت میں ہم ذمہ دار نہیں ہیں۔

ایک ایپ کے مختلف اکاونٹس استعمال کرنے کیلئے یہ ایپ ڈاونلوڈ کریں:

https://play.google.com/store/apps/details?id=es.excellentapps.multipleaccounts

____

آپ کا بھائی

ابو تراب

اپنے دعاوں میں یاد رکھیئے گا

والسلام علیکم

ای میل ایڈریس abuturab@tutanota.com

ویب سائٹ besafer.wordpress.com